# 08-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حکومت کی جانب سے فراہم کیئے جانے والے مواقعوں سے استفادہ کرتے ہوئے ترقی حاصل کرنے خواتین سے اپیل کی۔

۲۔ ریاستی اسمبلی اور قانون ساز کونسل کا اجلاس اس مہینہ کی 16 تاریخ کو شروع ہوگا۔

۳۔ انٹرنیشنل ویمنس ڈے کے موقع پر مرکزی وزارتِ امورِ نوجوانان وکھیل اور مائی بھارت کے زیراہتمام ملک بھر کے تقریباً 250 مقامات پر اسمیتا کے نام سے خصوصی خواتین کے کھیلوں کے مقابلے ہوئے جس میں ہماری ریاست کے پانچ شہر بھی شامل ہیں۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے گچی باؤلی میں واقع جی ایم سی بالا یوگی ہاکی اسٹیڈیم میں ویمنس ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائر 2026 ٹورنمنٹ کا افتتاح آج شام تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کریں گے۔

Chief Minister

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد کے پرجا بھون میں منعقد کیئے گئے عالمی یوم خواتین میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو ترقی دینا ہی حکومت کا مقصد ہے۔ وزیراعلیٰ نے حکومت کی جانب سے فراہم کیئے جانے والے مواقعوں سے استفادہ کرتے ہوئے اعلیٰ سطح پر پہنچنے خواتین سے اپیل کی۔

Sound Byte Revanth Reddy

Farmers' fair

پروفیسر جئے شنکر تلنگانہ اسٹیٹ اگریکلچر یونیورسٹی کے راجندرنگر کیمپس میں عوامی حکمرانی ترقی منصوبے کے تحت ایک میگا کسان میلہ منعقد کیا گیا۔اس میلے کا افتتاح آج ریاستی وزرائ ڈی سریدھر بابواورٹی ناگیشورراؤنے کیا۔زرعی شعبہ میں خواتین کسانوں کی خدمات کوسراہتے ہوئے وزراء نے بہترین کارکردگی دکھانے والی خواتین کسانوں کواعزازات سےنوازا۔اس موقع پروزیر سریدھر بابو نے کہا کہ تلنگانہ کودھان کی پیداوار میں سرفہرست بنانے میں خواتین کا کردار انتہائی اہم ہے۔انہوں نے زمین کی زرخیزی کےتحفظ کیلئے جدید ٹیکنالوجی کےاستعمال پرزوردیا۔

Sound Byte Sridhar Babau

جبکہ ریاستی وزیرٹی ناگیشورراؤنے اپنے خطاب میں کہا کہ 21 ہزار کروڑ روپے کےقرض معافی پروگرام کے ذریعہ حکومت کی جانب سے کسانوں کو بڑا سہارا دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کوآئل پام کا مرکز بنانے کےاقدامات کیے جائیں گے۔

Sount Byte Thummala

جبکہ اس پروگرام میں شریک ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ خواتین کسان ہی اس ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔

Sound Byte Seethakka

اس میلہ میں رکن قانون سازکونسل پی مہندرریڈی اوررکن اسمبلی پرکاش گوڑسمیت تقریباً 8 ہزار خواتین کسانوں اورجئے شنکر یونیورسٹی کےطلبہ نےشرکت کی۔

## Town Hall Building Renovation

سوسالہ تاریخی اسمبلی کے احاطہ میں ٹاؤن ہال کی عمارت کا نئی تزئین نو کے بعد آج افتتاح عمل میں آیا۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اس تجدیدشدہ عمارت کا افتتاح کیا۔اس تقریب میں اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار، قانون ساز کونسل کے چیرمین جی سکھیندر ریڈی، نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزرأ سری دھر بابو، محمد اظہر الدین، دامودھر راج نرسمہا، جوپلی کرشنا راؤ، وویک وینکٹ سوامی، کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی، پی سرینواس ریڈی، پونم پربھاکر کے علاوہ دیگر قائدین نے شرکت کی۔

## Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے مغربی بنگال کے دورہ کے دوران پروٹوکول کے معاملے میں پیش آنے والے واقعات نے انہیں شدیدطور پر مایوس کیا ۔انہوں نے صدر جمہوریہ کے پروگرام میں جان بوجھ کر ریاست کی وزیراعلیٰ ممتا بنرجی اور دیگر وزراءشرکت نہ کرنے کا الزام لگایاانہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ اور ریاستی وزرانے شرکت نہ کرتے ہوئے پروٹوکال کی خلاف ورزی کی ہے۔جبکہ مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مغربی بنگال حکومت نے صدر جمہوریہ کے ساتھ غیر مہذب رویہ اختیار کیا ہے اور راجیہ سبھا کے رکن کے لکشمن نے کہا کہ مغربی بنگال میں صدر جمہوریہ کے پروٹوکول کے حوالے سے پیش آنے والا واقعہ جمہوری اقدار کی توہین کے مترادف ہے۔رکن پارلیمان ڈی کے ارونا نے کہا کہ پروٹوکول کی خلاف ورزی محض ایک سیاسی غلطی نہیں بلکہ آئینی اقدار کی بھی توہین ہے۔

Assembly Session

اسمبلی سکریٹری نے کہا کہ ریاستی اسمبلی کا اجلاس اس مہینہ کی 16 تاریخ کو صبح 11 بج کر 45 منٹ سے شروع ہوگا جبکہ قانون ساز کونسل کا اجلاس بھی اسی دن شروع ہوگا۔اس ضمن میں ریاستی گورنر نے احکامات جاری کئے ہیں۔

Khel Mahotsav

بی جے پی کی قومی نائب صدر اور محبوب نگر کی رکن پارلیمان ڈی کے ارونا نے کہا ہے کہ دیہی علاقوں میں کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو سامنے لانے اور انہیں قومی و بین الاقوامی سطح کے کھلاڑی بنانے کے لیے وزیراعظم نریندر مودی مسلسل کوششیں کررہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اسی مقصد کے تحت ہر پارلیمانی حلقے میں وزیراعظم سنسد کھیل مہوتسو کا انعقاد کیا جارہا ہے۔اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے اس پروگرام کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

Sound Byte D K Aruna

Womens Wellness Summit-2026

حیدرآباد کے مادھاپور میں واقع ہائی ٹیک سنٹر میں اومیگا ہاسپٹل کے زیراہتمام آج ویمن ویلنیس سمٹ 2026 کا انعقاد کیا گیا۔اس پروگرام میں ریاستی وزیر برائے خواتین واطفال بہبود سیتااکا نے مہمانِ خصوصی کے طور پرشریک ہوئیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر سیتااکا نے کہا کہ اگر خواتین صحت مند رہیں تو وہ زندگی میں ہر کامیابی حاصل کرسکتی ہیں۔اسی لئے ہر خاتون کو اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا چاہیے اور باقاعدہ طبی معائنہ کروانا اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانا ضروری ہے۔

Cams Competition

انٹرنیشنل ویمنس ڈے کے موقع پر مرکزی وزارتِ امورِ نوجوانان وکھیل اور مائی بھارت کے زیر اہتمام حیدرآباد کے جم خانہ گراؤنڈ میں کھیلوں کے مقابلے شاندار طریقہ سے منعقد کئے گئے۔ یہ مقابلے ملک بھر کے تقریباً 250 مقامات پر بیک وقت منعقد ہوئے۔ اس تقریب میں ڈاکٹر کویتا ریڈی، بین الاقوامی روئنگ کھلاڑی گیتا نجلی، آل انڈیا ریڈیو کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیما پانڈے اور تلنگانہ کامرس انڈسٹری ویمن بزنس انٹر پرینیورشپ کی مادھوی سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی۔ مقررین نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا ہی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے۔

اسی طرح ورنگل کے اوسی ٹی گراؤنڈز میں بھی مائی بھارت کے تحت کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوئے۔ اس پروگرام میں ضلع کلکٹر ستیا شاردھا اور یوتھ آفیسر انویش چنتلا نے شرکت کی۔

national traders welfare board

نیشنل ٹریڈرس ویلفیئر بورڈ کے چیرمین سنیل جے سنگی نے کہا کہ حیدرآباد نہ صرف آئی ٹی ہب کا مرکز ہے بلکہ تجارت کیلئے بھی ملک بھر میں ایک اہم مقام ہے۔ آج انہوں نے حیدرآباد میں منعقدہ فیڈریشن آف آل انڈیا ڈسٹری بیوٹر اسوسی ایشن چوتھے قومی کانفرنس میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے سنگی ڈی جی دوکان ایپ کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں آزادی ملنے کے بعد پہلے نیشنل ٹریڈرس ویلفیئر بورڈ قائم کیا گیا ہے۔ تلنگانہ حکومت بھی اس بورڈ کو قائم کرنے جارہی ہے۔

Sound Byte Singi

ڈی جی دوکان ایپ ملک بھر میں کمرشیل کے نظام میں نئی ٹکنالوجی کو فروغ دے گا۔

Hockey Cup

حیدرآباد کے گچی باؤلی میں واقع جی ایم سی بالا یوگی ہاکی اسٹیڈیم میں ایف آئی اے ویمنس ہاکی ورلڈکپ کوالیفائر 2026 ٹورنمنٹ کا افتتاح آج شام تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کریں گے۔ یہ کوالیفائنگ میاچس آج سے شروع ہوکر اس ماہ کی 14 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ اس ٹورنامنٹ میں کل 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

Adivasi Bhawan

عالمی یوم خواتین کے موقع پر حیدرآباد کے آدی واسی بھون میں ریاستی وزرأ دامودھر راج نرسمہا اور سیتاا کا نے مختلف پروگراموں کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ریاست بھر کے تقریباً 46 لاکھ سیلف ہلپ گروپس کے ارکان کے 30 اقسام کے مفت طبی معائنے کئے جانے والے ہیلتھ پروفائلنگ کا آغاز کیا گیا اور خواتین سے متعلق سرویکل کینسر کی روک تھام کیلئے 14 سالہ لڑکیوں کو ایچ پی وی ویکسی نیشن کی تقسیم کا بھی آغاز کیا گیا۔ باہر مارکٹ میں ہزاروں کی قیمت میں دستیاب ہونے والا یہ ٹیکہ سرکاری ہاسپتالوں میں مفت میں دستیاب ہوگا۔ اس موقع پر ملازمین کے تحفظ کیلئے ورکنگ ویمن ہاسٹل پورٹل کا بھی ریاستی وزرا نے آغاز کیا۔

OO